# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیۂ عربی وعلوم اسلامیہ

## (شعبہ مطالعات بین المذاہب)

**کورس کا نام: مسلم مفکرین کی مطالعہ مذاہب میں خدمات (4961) II** — **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس علوم اسلامیہ** — **کریڈٹ: 3**

## ہدایات برائے طلبہ

**عزیز طلبہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ**

امید ہے کہ آپ بعافیت ہوں گے۔ آپ کے کورسز کے ساتھ آپ کو مشقی سوالات بھی بھیجے جا رہے ہیں۔ آپ مشق حل کرنے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خاص خیال رکھیے۔

☆ یونیورسٹی کی نئی پالیسی کے مطابق امتحانی مشق کمپوز کر کے جمع کروانا ضروری ہے، اس سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خیال رکھیے:

1. مشق حل کرنے سے پہلے سوال اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیجیے۔
2. جوابات تحریر کرنے سے قبل کتب کا بار بار مطالعہ کر کے اس سے جواب اخذ کیجیے۔
3. جوابات تحریر کرنے کے لیے صرف درسی کتاب پر اکتفا نہ کیجیے بلکہ کتاب میں مذکور امدادی کتب اور دیگر مستند اور مفید کتب سے بھی ضرور استفادہ کیجیے۔
4. جواب اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ اگر کہیں اقتباس دینا ضروری ہو تو اس کا (تحقیقی انداز میں) حوالہ حاشیے میں دیجیے۔ اگر کسی ماخذ سے حاصل شدہ معلومات اپنے الفاظ میں لکھ رہے ہیں تو بھی مکمل حوالہ دیجیے۔
5. امتحانی مشق کی کمپوزنگ میں اردو کے لیے اردو رسم الخط کا فونٹ منتخب کیجیے۔
6. عربی عبارات کے لیے عربی فونٹ استعمال کیجیے۔
7. امتحانی مشق کے ہر صفحہ پر اپنا نام، رول نمبر اور رجسٹریشن نمبر لازمی درج کیجیے۔
8. جواب لکھنے کے بعد نظرِ ثانی کیجیے۔ قرآنی آیات، احادیثِ نبویہ اور املاء کی غلطیاں ناقابلِ قبول ہیں۔

9. امتحانی مشق مکمل کرنے کے بعد مکمل مشق کو پی ڈی ایف (PDF) فارمیٹ جو کہ 5MB سے زیادہ نہ ہو، میں منتقل کر کے ایل ایم ایس (LMS) اکاؤنٹ کے ذریعے اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بروقت ارسال کیجیے۔ (امتحانی مشق الگ سے ڈاک میں بھیجنے کی ضرورت نہیں)

☆ کسی معاملے میں کوئی مشکل درپیش ہو یا ابہام ہو تو اپنے ٹیوٹر کو براہِ راست یا ہمیں خط لکھ کر وضاحت حاصل کر لیجیے۔

☆ کورس کے حوالے سے تعلیمی رہنمائی کے لیے اپنے ٹیوٹر سے رابطہ کیجیے۔ کورس کے اختتام پر اپنی رائے اور تجاویز رابطہ کار کو ضرور ارسال کیجیے۔ محبت اور دعاؤں کے ساتھ۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کورس رابطہ کار

عثمان علی شیخ

لیکچرر، شعبہ مطالعات بین المذاہب

# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:**

**1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

**2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

**کورس: مسلم مفکرین کی مطالعہ مذاہب میں خدمات (4961) II** | **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ)** | **کریڈٹ: 3**

## امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ نمبر 1–4)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ مطالعہ مذاہب کے مناظرانہ اور مجادلانہ اسلوب کا تعارف کرائیں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ مطالعہٗ مذاہب کے تحقیقی اور تقابلی رجحانات پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ مولانا رحمت اللہ کیرانوی کی مسیحیت پر تصانیف کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ مولانا رحمت اللہ کیرانوی کے مناظروں کا احوال بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ مولانا قاسم نانوتوی کی مطالعہ مذاہب پر اہم تصانیف کا جائزہ لیں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر:100 | (یونٹ نمبر 5-9) | کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر 1۔ مولانا اشرف الحق دہلوی کے حالات زندگی اور مطالعہ مذاہب میں ان کی خدمات پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ مولانا ثناء اللہ امرتسری کے مطالعہ ہندومت کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر 3۔ مولانا محمد ادریس کاندھلوی کی تفسیر ''معارف القرآن'' میں ادیان و مذاہب سے متعلق مباحث کا جائزہ لیتے ہوئے ان کے نمایاں پہلوؤں کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ مولانا عبدالماجد دریابادی کے مطالعہ یہودیت اور مسیحیت پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی مطالعہ مذاہب میں خدمات کا جائزہ لیں۔ (20)